مسافرینِ آخرت

- تلہ گنگ سے ہمارے رفیقِ فکر جناب محمد عمر فاروق کی خالہ زاد بہن (اہلیہ پروفیسر فتح محمد ملک) جرمنی میں انتقال کر گئیں۔ انہیں ان کے آبائی قبرستان تلہ گنگ میں سپردِ خاک کیا گیا۔
- بستی مولویاں ضلع رحیم یار خان میں قدیم احرار کارکن مولوی شمس الدین مرحوم کی اہلیہ گزشتہ دنوں وفات پا گئیں۔
- بستی مولویاں ہی کے احرار ساتھی مولوی منور دین مرحوم کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔
- خانپور سے ہمارے دوست محترم راؤ عبدالرحمن گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔
- مدرسہ معمورہ ملتان کے مدرس محترم محمد اشرف کے والد ماجد گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

اراکینِ ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعاء گو ہیں۔ اور پسماندگان کے غم میں شریک ہیں۔ اللہ تعالی ان کے حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے آمین۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ تمام مرحومین کی مغفرت کے لئے دعاء اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

دُعاءِ صحّت

مجلس احرار اسلام صادق آباد کے صدر محترم چودھری گلزار احمد صاحب گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہیں۔ اللہ تعالی انہیں صحت کاملہ عطاء فرمائیں۔ احباب سے گزارش ہے کہ وہ محترم چودھری صاحب کی صحت کاملہ کے لئے خاص طور پر دعا کا اہتمام کریں۔

*